الغاشیہ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	بھلا تمکو ڈھانپ لینے والی یعنی قیامت کا حال معلوم ہوا ہے؟
۲	اس روز بہت سے چہرے یعنی لوگ ذلیل ہوں گے۔
۳	سخت محنت کرنے والے تھکے ماندے۔
۴	دہکتی آگ میں داخل ہوں گے۔
۵	انکو ایک کھولتے ہوئے چشمے کا پانی پلایا جائے گا۔
۶	ایک سخت خاردار جھاڑی کے سوا انکے لئے کوئی کھانا نہیں ہو گا۔
۷	جو نہ مفید غذا بنے اور نہ بھوک میں کچھ کام آئے۔
۸	بہت سے چہرے یعنی لوگ اس روز شادمان بھی ہوں گے۔
۹	اپنی محنت کے بدلے پر خوش۔
۱۰	بہشت بریں میں۔
۱۱	وہاں کسی طرح کی لغوبات نہیں سنیں گے۔
۱۲	اس میں چشمے بہ رہے ہوں گے۔
۱۳	وہاں تخت ہوں گے اونچے اونچے۔
۱۴	اور کوزے قرینے سے رکھے ہوئے۔

١٥	اور گاؤ تکیے قطار کی قطار لگے ہوئے۔
١٦	اور نفیس مسندیں جگہ جگہ بچھی ہوئی۔
١٧	توکیا یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے عجیب پیدا کئے گئے ہیں۔
١٨	اور آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا ہے۔
١٩	اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کئے گئے ہیں۔
٢٠	اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی۔
٢١	پس اے نبی ﷺ تم تو نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو۔
٢٢	تم ان پر داروغہ نہیں ہو۔
٢٣	ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا۔
٢٤	تو اللہ اسکو بہت بڑا عذاب دے گا۔
٢٥	بیشک انکو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے۔
٢٦	پھر ہمارے ہی ذمے ان سے حساب لینا ہے۔